## نسلی مساوات کے فروغ کے بارے میں موجودہ اور مجوزہ اقدامات

### شعبہء مالیات

شعبہء مالیات بنیادی طور پر مرکزی اکاؤنٹنگ ، جمع کرنے اور حکومت کے لیے ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہے؛ سول سروس کی تنخواہوں ، الاؤنسز ، فوائد اور پینشن کی ادائیگی؛ سرکاری اداروں اور محکموں کی اکاؤنٹنگ اور مالی انتظام کی خدمات؛ اور فنڈ کا انتظام ۔

شعبہء مالیات مختلف نسلوں کی وجہ سے ان کی ثقافتی اور لسانی فرق سے قطع نظر ، عوام کو معیاری خدمات کی فراہمی اور خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لیے شعبہء مالیات کے ذریعہ اقدامات جو کیے گئے ہیں/ کیے جائیں گے مندرجہ ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| متعلقہ خدمات | • شعبہء مالیات حکومتی اکاؤنٹنگ اور مالی انتظام کی خدمات مہیا کرتا ہے جس میں عوام کے لیے متعلقہ عمومی پوچھ گچھ کی خدمت کے ساتھ ساتھ پینشنرز اور متعلقہ افراد کو پینشن کے بارے میں پوچھ گچھ کی خدمت بھی شامل ہے۔ |
| موجودہ اقدامات | • شعبہء مالیات اپنی خدمات کی فراہمی کے لیے چائینیز اور / |

یا انگریزی استعمال کرتا ہے۔ عوام کے لیے درخواست فارم چائینیز اور / یا انگریزی میں فراہم کیے جاتے ہیں۔ ادارے کی ویب سائٹ پر موجود معلومات چائینیز اور انگریزی دونوں زبانوں میں ہیں۔

- نسلی اقلیتی مرکز (CHEER) کے ذریعہ تیار کردہ زبان کی شناخت کا کارڈ شعبہء مالیات کے عوامی خدمت کے کاؤنٹرز پر دستیاب ہے تاکہ مختلف نسل کے افراد جو سہولت استعمال کرتے ہیں، سے بات چیت میں آسانی ہو جو زبانی یا تحریری چائینیز یا انگریزی زبان میں موثر انداز میں بات چیت کرنے کے قابل نہیں ہیں۔
- مختلف نسل کے سہولت استعمال کرنے والے افراد جو ٹیلیفون یا تشریف لا کر پوچھ گچھ کریں ان کے لیے CHEER کی ، 3 طرفہ وائس کانفرنس کے ذریعہ ترجمہ کی خدمت جہاں مناسب ہوگی استعمال کی جائے گی ۔

- مختلف نسل کے سہولت استعمال کرنے والوں کی طرف سے تحریری پوچھ گچھ کے لیے ، جہاں ضروری اور مناسب ہوا وہاں تحریری ترجمہ کی خدمت کا اہتمام کیا جائے گا۔

- مختلف نسلوں کے خدمت صارفین کے لیے دستیاب زبانوں اور ترجمانی خدمات کے بارے میں شعور بیدار کرنے کے لیے ، فرنٹ لائن عملے کو زبان کی خدمات فراہم کرنے کے لیے ادارہ اپنے طریقہ کار فراہم کرے گا ۔

- غیر نسلی چائینیز(NEC) کے لیے سرکاری ملازمت کے مواقع بڑھانے کے لیے ، ٹریژری گریڈز کے لیے چائینیز زبان کی مہارت سے متعلق داخلے کی ضرورت کو 2018 سے کم کردیا گیا ہے ۔

اضافی اقدامات جو کیے گئے ہیں/ کیے جائیں گے

- کمپنی میں عملہ کو خدمات کی فراہمی میں نسلی مساوات کے بارے میں عملے کی حساسیت اور سمجھ بوجھ کو بڑھانے کے لیے تربیت فراہم کی گئی ہے اور فراہم کی جاتی رہے گی ۔
- نسلی حساسیت اور ثقافتی تفرق کے بارے میں تربیت میں شرکت کے لیے عملے کی حوصلہ افزائی کرتے رہیں گے.

- شعبہء مالیات نے موسم گرما 2020 سےNEC یونیورسٹی کے طلبا کے لیے انٹرن شپ پروگرام میں حصہ لیا ہے تاکہ

| | |
|---|---|
| | نوجوان NEC کام کا تجربہ حاصل کر سکیں اور ملازمت کی تلاش میں ان کی مسابقت کو مستحکم کر سکیں۔ مستقبل میں شعبہء مالیات اس پروگرام میں شرکت جاری رکھے گی - |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | ● خدمت میں مستقل بہتری لانے کے لیے عملہ اور مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے افراد جو سہولیات استعمال کرتے ہیں, سے آراء / مشورے لیے گئے ہیں ۔<br>● پالیسیوں اور اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے افراد جو سہولیات استعمال کرتے ہیں کے ذریعہ خدمات کے استعمال سے متعلق ڈیٹا اور اعداد و شمار اکٹھے کیے گئے ہیں ۔ |
| مؤثر ہونے اور صارف کی رائے کی نگرانی | ● نسلی مساوات کی تشہیر سے متعلق اقدامات کے مؤثر ہونے اور صارف کی رائے کی اچھی طرح نگرانی کی جائے گی۔<br>● مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے خدمت صارفین اور |

عملہ کی رائے / مشوروں کا جائزہ لیا جائے گا اور جہاں ضروری اور مناسب ہو وہاں مزید بہتری لائی جائے گی۔

- زبان سے متعلق خدمات کی فراہمی کے طریقہ کار کے بارے میں وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جائے گا جہاں ضروری ہوا اس کی تجدید اور اس میں سدھار لایا جائے گا۔

**پوچھ گچھ / شکایات**

شعبہء مالیات میں نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور اضافی اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے، براہ کرم Mr. Sam LIU اسسٹنٹ ڈیپارٹمنٹل سیکریٹری (بلڈنگ مینجمنٹ) ،سے ، درج ذیل ذرائع سے رابطہ کریں۔

ٹیلی فون: 3847 8822

فیکس نمبر: 2598 9273

ای میل: info@try.gov.hk

ڈاک کا پتہ: 21/F, Treasury Building, 3 Tonkin Street West,
Cheung Sha Wan, Kowloon, Hong Kong

**شعبہء مالیات**

**جون 2024**